ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (491)

01.10.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر قیادت پولیس لائینز کے ریکریشن ہال میں B-1 کے تحریری امتحان میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کے انٹرویوز کا انعقاد کیا گیا۔کسی کی حق تلفی نہیں ہوگی، میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر قیادت پولیس لائنز کے ریکریشن ہال میں لسٹ B-1 کے امتحان میں کامیاب ہونے والے پولیس ملازمین کے انٹرویوز کا انعقاد کیا گیا۔ڈی پی او بہاولپور اور کمیٹی میں شامل ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر محمد زبیر بنگش اور ڈی ایس پی لیگل عبدالرؤف جاوید نے تحریری امتحان پاس کرنے والوں کے انٹرویو کیئے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز تحریری امتحان میں 389 کانسٹیبلز اور لیڈی کانسٹیبلز نے شرکت کی تھی۔جن میں سے پیپر پاس کرنے والے 237 کانسٹیبلز اور لیڈی کانسٹیبلز کا انٹرویو ہوا۔تمام جوان اپنی ترقی کے لیے انتہائی پرجوش اور مکمل تیاری کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔لسٹ B-1 کا امتحان اس لیے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ محکمہ میں مسلسل ترقی کی طرف پہلا قدم ہوتا ہے۔**انٹرویو میں میرٹ پر کامیاب ہونے والے پولیس ملازمین کی لسٹ فائنل ہونے کے بعد جلد آویزاں کردی جائے گی۔**ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ترقی کے اس عمل میں 100 فیصد میرٹ کو مدنظر رکھا جارہا ہے۔محنتی اور میرٹ پر پورا اترنے والے جوان ہی ترقی کے اہل ہوں گے۔انٹرویو میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے تمام عمل کی بذریعہ ویڈیو کیمرہ ریکارڈنگ کی گئی ہے۔ترقی کے عمل سے جوانوں کا مورال بلند ہوتا ہے۔سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پولیس لائنز میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کمیٹی ممبران کے ہمراہ پولیس لائینز کے ریکریشن ہال میں لسٹ B-1 کے تحریری امتحان میں کامیاب ہونے والے پولیس ملازمین کے انٹرویو لے رہے ہیں